NYC Department of Homeless Services
Department of Social Services

# یہ ایک محفوظ، صنف کا اثبات کرنے والی جگہ (TGNC) ہے

BRC-1062 (U)

## تشویش لاحق ہے؟

- **شیلٹر ہاٹ لائن کو کال کریں:**
  311 یا 718-291-4141
- **اومبڈسمین کو**
  ombudsman@dss.nyc.gov پر
  ای میل کریں
- **DSS LGBTQI افیئرز آفس کو**
  lgbtqi@dss.nyc.gov
  پر ای میل کریں
- **اومبڈسمین سے ملیں:**
  پیر تا جمعہ، 9 بجے صبح تا
  4 بجے شام
  109 E. 16th St, 8th Fl
  New York, NY 10003

اگر آپ شکایت کرتے ہیں تو آپ کو حق ہے کہ آپ کے خلاف انتقامی کارروائی نہ کی جائے۔

اگر آپ نے صنف پر مبنی ہراسانی، امتیازی سلوک یا انتقامی کارروائی کی رپورٹ کی ہے اور آپ حل سے غیر مطمئن ہیں تو، آپ قانونی جائزہ کی درخواست کر سکتے ہیں۔

**درج ذیل کی جانب سے پیش کردہ وسائل کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اسکین کریں:**

صنف پر مبنی تشدد ختم کرنے کے لیے میئر کا دفتر:

تشدد مخالف پروجیکٹ:

DHS کا مخنث، نان بائنری اور بین جنسہ کلائنٹس کے لیے طریقہ کار:

@NYCDHS
@NYCDHS
@DHSOFNYC
@NYC Homeless Services

© کاپی رائٹ 2023۔ سٹی آف نیو یارک، محکمہ برائے سماجی خدمات (Department of Social Services)۔
اس مواد کا کل یا بعض حصہ دوبارہ پیش کرنے کی اجازت کے لیے نیویارک سٹی کے محکمہ برائے سماجی خدمات سے رابطہ کریں۔

## اپنے حقوق جانیں

**کیا آپ کی شناخت مخنث، صنف غیر تصدیقی، نان بائنری، یا بین جنسہ کی ہے؟**

چاہے آپ DHS کے سسٹم میں جہاں بھی رہتے ہوں، آپ کو حق ہےکہ آپ کی صنف یا صنفی شناخت کی بنیاد پر آپ کو ہراساں یا آپ کے خلاف انتقامی کارروائی نہ کی جائے۔

آپ کو اپنا ترجیحی نام، اسم ضمیر، یا لقب استعمال کرنے یا ان کے ذریعہ مخاطب کیے جانے کا حق ہے۔

آپ کو اپنا قانونی نام، ولادت کے وقت تفویض شدہ صنف، TGNC کی حیثیت، اور معذوری کو خفیہ رکھنے کا حق ہے۔

## صنف کا اثبات کرنے والے بیڈز

DHS نے خاص طور پر TGNC کلائنٹس کے لیے بیڈ علیحدہ کر رکھے ہیں۔ یہ بیڈ Manhattan, Bronx, Brooklyn اور Queens میں مرد اور خواتین کی پناہ گاہوں میں واقع ہیں۔ یہاں چھوٹی سی سیٹنگ میں اجتماع والے کمرے ہیں جن میں واحد اسٹال والے ٹوائلٹ اور شاور یا نجی باتھ روم ہیں یا ان کے قریب ہیں۔

اگر آپ کو دلچسپی ہے تو، انٹیک کے عملہ کے ممبر یا اپنے کیس مینیجر سے پوچھیں۔ ان علیحدہ کردہ بیڈز پر پلیسمنٹ اختیاری ہے۔

### نوٹ

**کیا آپ کو کوئی عذر لاحق ہے؟**

اگر آپ کو عذر لاحق ہے تو، آپ کو آپ کی معذوری میں سہولت بہم پہنچانے کا حق ہے، تاکہ آپ خود کو درکار مدد حاصل کر سکیں۔

**کیا آپ کو منتقل کیا جا رہا ہے؟**

اگر آپ منتقلی کے فیصلے سے اختلاف کرتے ہیں تو بھی آپ کو منتقل کیا جائے گا۔ تاہم، آپ پناہ گاہ کے عملہ سے اپنی ترجیحی زبان میں "منتقلی کے آپ کے حقوق" (Your Transfer Rights) پوچھ سکتے ہیں اور/یا **800-342-3344** پر کال کر کے یا ایک آن لائن درخواست فارم http://www.otda.ny.gov/oah/forms.asp پر جمع کرا کر منصفانہ سماعت کی درخواست کر سکتے ہیں۔